# تِھسّلُنیکیوں
# کے نام پَولُسؔ کا پہلا خط

1 پَولُسؔ اَور سِیلاسؔ* اَور تِیمُتھِیُس کی طرف سے،
تِھسلُنیکے شہر کی جماعت کے نام لِکھّا ہُوا خط† جو خُدا باپ
اَور خُداوؔند یِسوعؔ المسیح میں ہے:
تُمھیں فضل اَور اِطمینان حاصل ہوتا رہے۔

## تِھسلُنیکے کی جماعت کے ایمان کے لِئے شُکر گُزاری

2 تُم سَب کے لِئے ہم ہمیشہ خُدا کا شُکر کرتے اَور تُمھیں اَپنی دعاؤں
میں بھی یاد رکھتے ہیں۔
3 اَور ہم اَپنے خُدا اَور آسمانی باپ کی حُضُوری میں تمہارے ایمان
کے کام اَور محنت کو جو مَحَبّت کا نتیجہ ہے اَور تمہارے اُس صبر کو
یاد رکھتے ہیں، جو ہمارے خُداوؔند یِسوعؔ المسیح میں اُمّید کی بابت ہے۔
4 اَے خُدا کے عزیز بھائیوں اَور بہنوں! ہمیں مَعلُوم ہے کہ خُدا نے
تُمھیں مُنتخب کر لیا ہے،

---

* 1:1 سِیلاسؔ یہاں اَور دُوسری جگھوں پر کہا گیا ہے لیکن 2 کُرن 1:19 میں پَولُسؔ نے اَپنے ایک ساتھی کو سِلوانُسؔ کہا ہے، لیکن اِس میں کوئی شک نہیں کہ یہ وُہی شخص ہے جسے اعمال کی کِتاب میں سِیلاسؔ کہا گیا ہے۔
† 1:1 پَولُسؔ ہی ہے جِس نے یہ خط لِکھّا تھا۔ اَور سِلوانُسؔ اَور تِیمُتھِیُس صِرف آداب و تسلیمات میں پَولُسؔ کے ساتھ شامل ہُوئے تھے۔

5 کیونکہ تمہارے پاس ہماری خُوشخبری محض لَفظی طور پر ہی نہیں
بَلکہ قُدرت، پاک رُوح اَور پُورے یقین کے ساتھ تُم تک پہُنچی؛ چنانچہ
تُم جانتے ہو کہ ہم تمہاری خاطِر تمہارے درمیان کس طرح زندگی
گُزارتے تھے۔
6 اَور تُم ہمارے اَور خُداوندؔ کے نقش قدم پر چلنے والے بَن گئے،
کیونکہ تُم نے سخت مُصیبت کے درمیان بھی کلام کو پاک رُوح سے
مِلنے والی خُوشی کے ساتھ قبُول کیا۔
7 اِس کا نتیجہ یہ ہُوا کہ تُم مَکِدُنیہؔ اَور صُوبہ اَخیہؔ کے علاقوں کے
سارے مُومِنین کے لئے نمونہ بَن گئے۔
8 خُداوَندؔ کا پیغام تمہارے ذریعہ نہ صِرف مَکِدُنیہؔ اَور صُوبہ اَخیہؔ
میں پھیلا بَلکہ خُدا پر تمہارا ایمان چاروں طرف اَیسا مشہُور ہو گیا کہ
اَب ہمیں اُس کا ذِکر کرنے کی ضرُورت نہیں ہے۔
9 کیونکہ یہ ساری باتیں خُود ہی بَیان کرتی ہیں کہ جَب ہم تمہارے
یہاں تشریف لائے تو تُم نے کِس طرح ہمارا اِستقبال کیا۔ اَور کِس
طرح بُتوں کی پرستش چھوڑکر سچّے اَور زندہ خُدا کی عبادت کرنے کے
لئے رُجُوع ہوئے۔
10 اَور خُدا کے بیٹے یِسوعؔ کے آسمان سے لَوٹنے کے مُنتظر رہو، جنہیں
اُس نے مُردوں میں سے زندہ کیا اَورجو ہمیں آنے والے الٰہی غضب
سے بچاتے ہیں۔

# 2

## تھِسلُنیکے میں پَولُسؔ کی خدمت

1 اَے بھائیوں اَور بہنوں! تُم جانتے ہو کہ ھمارا تمھارے پاس آنا بے
فائدہ نہ ھُوا۔
2 تُم تو جانتے ہو کہ ھم نے فِلپّی شہر میں بھی کافی تکلیف اُٹھائی
اَور بے عزّتی کا سامنا کیا۔ لیکن ھمارے خُدا نے ھمیں یہ جُرأت بخشی
کہ بڑی مُخالفت کے باوُجُود بھی ھم تُمھیں اُس کی طرف سے خُوشخبری
سُنائیں۔
3 چنانچہ ھم جو کچھ بھی عرض کرتے ھیں اُس میں نہ تو کوئی
غلطی یا ناپاک مقصد ھے اَور نہ ھی ھم تُمھیں فریب دینے کی کوشش
میں ھیں۔
4 بَلکہ اِس کے برعکس، جَیسے خُدا نے ھمیں مقبُول کرکے خُوشخبری
ھمارے سُپرد کی وَیسے ھی ھم بَیان کرتے ھیں؛ ھم آدمیوں کو نہیں
بَلکہ خُدا کو خُوش کرنے کی کوشش میں ھیں، جو ھمارے دِلوں کو
آزمانے والا ھے۔
5 کیونکہ تُم جانتے ہو کہ ھم نے کلام میں کبھی بھی نہ تو خُوشامد
کا سہارا لیا اَور نہ ھی وہ لالچ کا پردہ بنا، خُدا اِس بات کا گواہ ھے۔
6-7 ھم نہ تو آدمیوں سے اَور نہ ھی تُم سے اَور نہ کسی اَور سے اَپنی
تعریف چاھتے تھے، اگرچہ ھم خُداوؔند المسیح کے رسولوں کی حیثیت
سے تُم پر اَپنا مالی بوجھ ڈال سکتے تھے۔ لیکن جِس طرح ایک ماں اَپنے
بچّوں کو بڑے نرمی سے پالتی ھے۔
اُسی طرح ھمارا بھی سلُوک تمھارے ساتھ بڑی نرمی والا تھا۔
8 اَور تمھاری دیکھ بھال کی۔ کیونکہ ھم تُمھیں اِتنا زِیادہ چاھنے لگے
تھے، کہ نہ صِرف خُدا کی خُوشخبری بَلکہ ھم اَپنی جان تک بھی تُمھیں

دینے کو راضی تھے۔
9 اَے بھائیوں اَور بہنوں! جَب ہم تمہارے درمیان رہ کر الٰہی
خُوشخبری سُنا رہے تھے تو تُمہیں ہماری وہ محنت اَور مشقّت ضرُور یاد
ہوگی جَب ہم روز رات دِن اَپنے ہاتھوں سے کام کرتے تھے تا کہ کسی
پر بوجھ نہ بنیں۔
10 تُم بھی گواہ ہو اَور خُدا بھی گواہ ہے کہ ہم نے تُم سبھی مُومِنین
کے درمیان کیسی پاک، راستباز اَور بے عیب زندگی گُزاری۔
11 چنانچہ تُم جانتے ہو کہ جَیسا سلُوک ایک باپ اَپنے بچّوں کے
ساتھ کرتا ہے وَیسا ہی ہم تمہارے ساتھ کرتے رہے،
12 اَور تُم ہر ایک کو حوصلہ اَور تسکین دیتے اَور سمجھاتے رہو تا کہ
تمہارا چال چلن خُدا کے لائق ہو، جو تُمہیں اَپنے جلال اَور بادشاہی
میں شریک ہونے کے لیٔے بُلاتا ہے۔

13 اِس لیٔے ہم ہمیشہ خُدا کا شُکر کرتے ہیں کہ جَب تُم نے ہماری
زبانی خُدا کے پیغام کو سُنا تو اُسے آدمیوں کا کلام نہیں بَلکہ خُدا کا
کلام سمجھ کر قبُول کیا، جَیسا کہ وہ حقیقت میں ہے، اَور وہ تُم میں
جو ایمان لایٔے ہو، تاثیر بھی کر رہا ہے۔
14 اِس لیٔے اَے بھائیوں اَور بہنوں! تُم بھی خُدا کی اُن جماعتوں کی
طرح بَن گئے ہو جو یہُودیہ میں خُداوؔند المسیح یِسوعؔ میں ہیں: کیونکہ
تُم نے بھی اَپنی قوم والوں سے وُہی تکلیفیں اُٹھائیں جو اُنہُوں نے اَپنے
ہم وطن یہُودیوں سے پائی تھیں،
15 جنہوں نے خُداوؔند یِسوعؔ اَور اُن نبیوں کو بھی مار ڈالا اَور ہمیں

بھی ستا کر در بدر کر دیا۔ اَور خُدا بھی اُن سے ناراض ہے اَور وہ
سارے لوگوں کے دُشمن بنے ہوئے ہیں۔
16 کیونکہ وہ ہمیں غَیریہُودیوں کو خُدا کا کلام سُنانے سے روکتے
تھے تا کہ اُن میں کوئی نَجات نہ پا سکے۔ اَور اَیسا کرکے وہ اَپنے گُناہوں
کا پیمانہ ہمیشہ بھرتے رہے۔ لیکن آخِرکار خُدا کا قہر اُن پر آ گیا ہے۔

## پَولُسؔ کی تھِسلُنِیکے کے مُومِنین سے مِلنے کی تمنّا

17 اَے بھائیوں اَور بہنوں! جَب ہم تھوڑے عرصہ کے لیٔے تُم سے
جُدا ہویٔے تھے نہ کہ دِل سے (جِسمانی نہ کہ رُوحانی طور پر) تو تُم
سے دوبارہ مِلنے کی ہر ممکن کوشش کی۔
18 اِس لیٔے ہم نے (خصوصاً مُجھ پَولُسؔ نے) تمہارے پاس آنے کی
بار بار کوشش کی مگر شیطان نے ہمیں روکے رکھا۔
19 بھلا ہماری اُمّید، خُوشی اَور فخر کا تاج کون ہے؟ کیا ہمارے
خُداوؔند یِسوعؔ کی دُوسری آمد پر اُن کی حُضُوری میں تُم ہی نہ ہوگے۔
20 یقیناً ہمارا جلال اَور ہماری خُوشی تُم ہی ہو۔

# 3

1 آخِرکار جَب ہم سے اَور برداشت نہ ہو سَکا تو ہم نے اتھینےؔ شہر
میں تنہا ٹھہرنا بہتر سمجھا۔
2 ہم نے المسیح کی خُوشخبری پھیلانے میں خُدا کے ہم خدمت اَور
ہمارے بھائی تِیمُتھِیُس کو تمہارے پاس اِس لیٔے بھیجا، تا کہ وہ تُمہیں
ایمان میں مضبُوط کرے اَور تمہارا حوصلہ بڑھائے،

3 تاکہ اِن مُصیبتوں کی وجہ سے کوئی گھبرا نہ جائے۔ کیونکہ تُم
خُود جانتے ہو کہ ہم پر مُصیبتوں کا آنا ضرُوری ہے۔
4 حقیقت تو یہ ہے کہ جَب ہم تمہارے پاس تھے تو تُم سے کہا
کرتے تھے کہ ہم ستائے جائیں گے۔ چنانچہ جَیسا کہ تُم جانتے ہو
کہ اَیسا ہی ہُوا۔
5 اِسی سبب سے جَب مَیں اَور زِیادہ برداشت نہ کر سَکا تو تمہارے
ایمان کا حال دریافت کرنے کو بھیجا، مُجھے ڈر تھا کہ کہیں اَیسا نہ
ہُوا ہو کہ شیطان نے تُمہیں آزمایا ہو اَور ہماری محنت بے فائدہ ہو
گئی۔

## تِیمُتھِیُس کا حوصلہ اَفزا خبر لانا

6 لیکن ابھی تِیمُتھِیُس تمہارے پاس سے ہمارے یہاں آیا ہے اَور اُس
نے تمہارے ایمان اَور مَحَبّت اَور اِس بات کی ہمیں یہ خُوشخبری دی ہے
کہ تُم ہمارا ذِکر خیر ہمیشہ کرتے ہو اَور ہم سے مِلنے کے اَیسے مُشتاق
ہو جَیسا کہ ہم تُم سَب سے مِلنے کی آرزُو رکھتے ہیں۔
7 اِس لیٔے، اَے بھائیوں اَور بہنوں! ہم نے اَپنی ساری تنگی اَور
مُصیبت میں تمہارے بارے میں تمہارے ایمان کے سبب سے تسلّی پائی۔
8 اَور اَب چونکہ تُم خُداوند میں قائِم ہو، اِس لیٔے ہم زندہ ہیں۔
9 اَور تمہاری وجہ سے اَپنے خُدا کے سامنے ہمیں جِس قدر خُوشی
حاصل ہُوئی ہے، اُس کے بدلے میں کِس طرح تمہارے ذریعہ ہم
خُدا کا شُکر اَدا کریں؟

10 ہم رات اَور دِن خُوب دعا کرتے ہیں کہ تُم سے پھر ملیں اَور
تمہارے ایمان میں جو کمی ہے اُسے پُورا کر دیں!
11 اَب کاش ہمارا خُدا اَور باپ خُود اَور ہمارا خُداوؔند یِسوعؔ ہمارے
لئے راستہ کھول دے کہ ہم تمہارے پاس آ سکیں!
12 اَور خُداوؔند اَیسا کرے کہ جِس طرح ہمیں تُم سے مَحَبّت ہے اُسی
طرح تمہاری مَحَبّت بھی آپس میں اَور سَب لوگوں کے ساتھ بڑھے اَور
چھلکتی جائے۔
13 تاکہ وہ تمہارے دِلوں کو اَیسا مضبُوط کرے کہ جَب ہمارے
خُداوؔند یِسوعؔ اَپنے سَب مُقدّسین کے ساتھ دوبارہ لَوٹیں، تو تُم ہمارے
خُدا باپ کے سامنے پاک اَور بے عیب ٹھہرو۔

# 4

## خُدا کو خُوش رکھنے والی زندگی جینا

1 غرض، اَے بھائیوں اَور بہنوں! ہم تُم سے درخواست کرتے ہیں
اَور خُداوؔند یِسوعؔ میں تمہاری حوصلہ اَفزائی کرتے ہیں کہ جِس طرح
تُم نے ہم سے خُدا کو خُوش کرنے کی لئے مُناسب چال چلنا سیکھا
ہے، اَور تُم وَیسی ہی زندگی گزار بھی رہے ہو۔ اَور اَب اُسی طرح اَور
ترقّی کرتے جاؤ۔
2 کیونکہ تُم جانتے ہو کہ ہم نے خُداوؔند یِسوعؔ کی طرف سے تُمھیں
کون کون سے حُکم پہنچائے۔
3 چنانچہ خُدا کی مرضی یہ ہے کہ تُم پاک بنو یعنی جنسی بدفعلی
سے بچے رہو۔

4 اَور تُم میں سے ھر ایک اَپنے جِسم کو پاکیزہ اَور باعزّت طریقے
سے قابُو کرنا سیکھے۔
5 اَور یہ کام شہوت پرستی سے نہیں اَور نہ غَیریہُودیوں کی طرح جو
خُدا کو نہیں جانتی ھیں۔
6 اَور اِس مُعاملہ میں کوئی شخص اَپنے مُومِن بھائی یا بہن کو نہ تو
نُقصان پہُنچائے اَور نہ اُسے دغا دے کیونکہ خُداوَند اِن سَب کاموں
کا بدلہ لینے والا ھے جَیسا کہ ھم تُمھیں پہلے بھی تاکید کرکے بتا چُکے
ھیں۔
7 اِس لئے خُدا نے ھمیں ناپاکی کے لِئے نہیں بَلکہ پاکیزہ زندگی
گُزارنے کے لِئے بُلایا ھے۔
8 چنانچہ جو اِن باتوں کو نہیں مانتا وہ نہ صِرف اِنسان کی بَلکہ خُدا
کی نافرمانی کرتا ھے جو تُمھیں پاک رُوح عطا فرماتے ھیں۔
9 اَب برادرانہ مَحَبّت کے بارے میں مُجھے تُم کو کچھ لکھنے کی
ضرُورت نہیں، کیونکہ آپَس میں مَحَبّت کرنے کی تعلیم تُم نے خُدا سے
پائی ھے۔
10 اَور تُم صُوبہ مَکِدُنیہؔ کے سارے مسیحی مُومِنین سے اَیسی ھی مَحَبّت
کرتے ھو۔ پھر بھی اَے بھائیوں اَور بہنوں! ھم تُمھیں نصیحت کرتے
ھیں کہ تُم اِس میں اَور بھی ترقّی کرتے جاؤ۔
11 اَور جَیسا ھم پہلے ھی تُمھیں حُکم دے چُکے ھیں، ھر شخص
خاموشی سے اَپنے کام میں لگا رہے اَور اَپنے ھاتھوں سے محنت کرے،
12 تاکہ غَیر مسیحی لوگ تمھاری روزمرّہ کی زندگی کو دیکھ کر
تُمھیں عزّت دیں اَور تُم کسی چیز کے مُحتاج نہ رھو۔

## المسیح کی دُوسری آمد

13 بھائیوں اَور بہنوں! ہم نہیں چاہتے کہ تُم اُن کے حال سے ناواقِف
رہو جو موت کی نیند سو چُکے ہیں تا کہ تُم باقی اِنسانوں کی مانند غم
نہ کرو جِن کے پاس کوئی اُمّید ہی نہیں۔
14 کیونکہ ہمارا ایمان ہے کہ جِس طرح یِسوعؔ مَرے اَور پھر زندہ
ہو گئے، ٹھیک اُسی طرح خُدا یِسوعؔ کی آمد پر اُنہیں بھی زندہ کر دے
گا جو یِسوعؔ میں سو گئے ہیں۔
15 چنانچہ ہم خُدا کے کلام کے مُطابق تُم سے فرماتے ہیں کہ ہم
جو خُداوؔند کے دُوسری آمد کے وقت تک زندہ باقی رہیں گے، سوئے
ہوؤں سے پہلے ہرگز خُداوؔند سے نہیں ملیں گے۔
16 کیونکہ خُداوؔند خُود بڑی للکار کے ساتھ اَور مُقرّب فرشتہ کی آواز
اَور خُدا کی نرسنگے کی آواز کے ساتھ آسمان سے نازل ہوں گے اَور
خُداوؔند المسیح میں جو لوگ مَر چُکے، سَب سے پہلے زندہ ہو جایٔیں
گے۔
17 اُس کے بعد پھر ہم جو اُس وقت زندہ باقی ہوں گے، اُن کے
ساتھ بادلوں پر اُٹھا لیٔے جایٔیں گے تا کہ آسمان میں خُداوؔند کا اِستقبال
کریں گے اَور ہمیشہ خُداوؔند کے ساتھ رہیں گے۔
18 پس تُم اِن باتوں سے ایک دُوسرے کو تسلّی دیا کرو۔

# 5

## المسیح کی آمد کا دِن

1 اَب، اَے بھائیوں اَور بہنوں! ھمیں وقت اَور تاریخوں کی بابت تُمھیں
لکھنے کی کوئی ضرورت نہیں۔
2 کیونکہ تُم اَچھّی طرح جانتے ھو کہ خُداوؔند کے لَوٹنے کا دِن رات
کے چور کی مانند اَچانک آ جائے گا۔
3 جَب لوگ کہہ رہے ھوں گے کہ اَب، ”اَمن اَور سلامتی ہے،“
اُسی وقت اُن پر اَچانک ھلاکت اِس طرح آ جائے گی جِس طرح حاملہ
عورت کو دردِزہ شروع ھو جاتا ہے اَور وہ ھرگز نہ بچیں گے۔
4 لیکن اَے بھائیوں اَور بہنوں! تُم تاریکی میں نہ رھو کہ وہ دِن چور
کی مانند اَچانک تُم پر آ جائے اَور تُمھیں حیرت میں ڈال دے۔
5 کیونکہ تُم سَب نُور کے فرزند اَور دِن کے فرزند ھو؛ ھم نہ تو رات
کے ھیں اَور نہ تاریکی کے ھیں۔
6 لہٰذا ھم دُوسروں کی طرح سوتے نہ رھیں بَلکہ جاگتے اَور ھوشیار
رھیں۔
7 کیونکہ جو سوتے ھیں وہ رات کو سوتے ھیں اَورجو متوالے
ھوتے ھیں وہ بھی رات کو ھوتے ھیں۔
8 چونکہ ھم دِن کے ھیں اِس لئے ھم ایمان اَور مَحَبّت کا بکتر لگا کر
اَور نَجات کی اُمّید کا خود یعنی ٹوپی* پہن کر ھوشیار رھیں۔
9 کیونکہ خُدا نے ھمیں اَپنے غضب کے لئے نہیں بَلکہ ھمارے خُداوؔند
یِسوعؔ المسیح کے وسیلہ سے نَجات حاصل کرنے کے لئے مُقرّر کیا ہے۔
10 اَور یِسوعؔ المسیح نے ھماری خاطِر اِس لئے جان دی کہ خواہ ھم

* **5:8** نَجات کی اُمّید کا خود یعنی ٹوپی اِسے خود بھی کہتے ھیں یعنی لوہے کی ٹوپی جسے
فَوجی جنگ لڑتے وقت پہنتے تھے

زندہ ھوں یا مُردہ، ھم سَب مِل کر یِسوعؔ کے ساتھ ھی جئیں۔
11 اِس لِئے تُم ایک دُوسرے کی حوصلہ اَفزائی کرو اَور ترقّی کا
باعث بنو، جَیسا کہ تُم کر بھی رہے ھو۔

## آخِری نصیحت

12 اَب اَے بھائیوں اَور بہنوں! ھم تُم سے درخواست کرتے ھیں کہ
اُن لوگوں کی قدر کرو جو تُمہارے درمیان سخت محنت کرتے ھیں اَور
خُداوؔند میں جو تُمہارے پیشوا ھیں اَور تُمھیں نصیحت کرتے ھیں۔
13 اُن کی خدمت کے سبب سے مَحَبّت کے ساتھ اُن کی خُوب عزّت
کِیا کرو۔ اَور آپَس میں ایک دُوسرے کے ساتھ اَمن اَور سلامتی سے
رھو۔
14 اَور اَے بھائیوں اَور بہنوں! ھم تُمھیں نصیحت کرتے ھیں کہ
کاھل اَور بے قاعدہ چلنے والوں کو سمجھاؤ، بُزدل کو ھِمّت دو اَور
کمزوروں کی مدد کرو اَور سَب کے ساتھ تحمُّل سے پیش آؤ۔
15 خبردار! کوئی شخص کسی سے بدی کے بدلے بدی نہ کرے
بَلکہ ھر وقت آپَس میں اَور سَب کے ساتھ نیکی کرنے کی کوشش میں
لگے رھو۔
16 ھر وقت خُوش رھو۔
17 بِلا ناغہ دعا کرو۔
18 ھر حالات میں شُکر گُزاری کرو کیونکہ خُداوؔند المسیح یِسوعؔ میں
تمھارے لِئے خُدا کی یہی مرضی ہے۔
19 پاک رُوح کو مت بُجھاؤ۔
20 نبُوّتوں کی حقارت نہ کرو۔

21 ھر بات کو آزماؤ، جو اَچھّی ھو اُسے پکڑے رھو۔
22 ھر طرح کی بدی سے دُور رھو۔
23 اَمن کا خُدا خُود ھی تُمھیں مُکمّل طور سے پاک کرے؛ اَور تمھاری
رُوح، جان اَور جِسم کو پُوری طرح ھمارے خُداوَند یِسوعؔ المسیح کے
آنے تک بے عیب محفوظ رکھے۔
24 تمھارا بُلانے والا سچّا ھے۔ اَور وہ اَیسا ھی کرے گا۔

25 اَے بھائیوں اَور بہنوں! ھمارے لِئے دعا کرتے رھنا۔

26 خُدا کے سَب مُقدّسین بھائیوں کو پاک بوسہ سے کے ساتھ میرا
سلام کھنا۔

27 مَیں خُداوَند کے نام سے تُمھیں ھدایت دیتا ھُوں کہ وھاں سَب
بھائیوں اَور بہنوں کے سامنے یہ خط پڑھ کر سُنایا جائے۔

28 ھمارے خُداوَند یِسوعؔ المسیح کا فضل تُم سَب پر ھوتا رھے۔

# Biblica® ترجمہ عصر ہم اردو آزادانہ

## Urdu: Biblica® ترجمہ عصر ہم اردو آزادانہ (Bible)

copyright © 1999, 2005, 2022, 2024 Biblica, Inc.

Language: اردو

Contributor: Biblica, Inc.

Biblica® ترجمہ عصر ہم اردو آزادانہ™
حق اِشاعت © ،1999 2005، 2022، 2024 Biblica, Inc.
Biblica® Open Urdu Contemporary Version™
Copyright © 1999, 2005, 2022, 2024 by Biblica, Inc.

**Creative Commons License**

This work is made available under the Creative Commons Attribution-ShareAlike 4.0 International License (CC BY-SA). To view a copy of this license, visit https:// creativecommons.org/ licenses/ by-sa/ 4.0 or send a letter to Creative Commons, PO Box 1866, Mountain View, CA 94042, USA.
You have permission to copy and distribute this Work, as long as you do not change it and you keep the title as it is. Changing or translating this Work will create a derivative work. When you publish this derivative work, you must list what changes you have made where people can see them, such as on a website. You must also show where the original Work is from: "The original Work by its copyright holders is available for free at www.biblica.com andopen.bible."
Notice of copyright must appear on the title or copyright page of the work as follows:
Biblica® ترجمہ عصر ہم اردو آزادانہ™
حق اِشاعت © ،1999 2005، 2022، 2024 Biblica, Inc.
Biblica® Open Urdu Contemporary Version™
Copyright © 1999, 2005, 2022, 2024 by Biblica, Inc.
"Biblica" ریاست اَور متحدہ ہائے حُقُوق کے سند اَور تجارتی رجسٹرڈ کےذریعہ Biblica Inc
دفتر نشان درج میں وہیں۔ اجازت کے ساتھ اسیعمال کیا ہے۔ جاتا
"Biblica" is a trademark registered in the United States Patent and Trademark Office by Biblica, Inc. Used with permission.
You must also make your derivative work available under the same license (CC BY-SA).
If you would like to notify Biblica, Inc. regarding your translation of this work, please contact us at https://open.bible/#feedback.
This translation is made available to you under the terms of the Creative Commons Attribution Share-Alike license 4.0.

You have permission to share and redistribute this Bible translation in any format and to make reasonable revisions and adaptations of this translation, provided that:

You include the above copyright and source information.

If you make any changes to the text, you must indicate that you did so in a way that makes it clear that the original licensor is not necessarily endorsing your changes.

If you redistribute this text, you must distribute your contributions under the same license as the original.

Pictures included with Scriptures and other documents on this site are licensed just for use with those Scriptures and documents. For other uses, please contact the respective copyright owners.

Note that in addition to the rules above, revising and adapting God's Word involves a great responsibility to be true to God's Word. See Revelation 22:18-19.

2025-05-22

---

PDF generated using Haiola and XeLaTeX on 26 Jul 2025 from source files dated 22 May 2025

aaa4055b-8d53-58be-87e4-9408c7c9218f